تھا۔ یہ کتاب رابطہ ادب اسلامی پاکستان کی طرف سے پہلی اہم کوشش ہے جو کہ نہایت ہی اہم موضوع پر مشتمل ہے۔ اور جس میں روحانی، ادبی اور عشق و عقیدت سے مملو تحریرات موجود ہیں ہماری خواہش ہے کہ رابطہ ادب اسلامی وقتاً فوقتاً پاکستان میں ایسے ہی اہم موضوعات پر مستقل کام کرے گو کہ اس موضوع پر اسوقت سابق صدر پاکستان سمیت بعض اہم شخصیات نے یہ ناقدانہ رائے پیش کی تھی کہ عالم اسلام کے موجودہ حالات کے تناظر میں ایسے اہم عنوان کا انتخاب ضروری تھا جیسے "موجودہ عالمی حالات اور عالم اسلام کو درپیش چیلنجز" وغیرہ وغیرہ۔ یقیناً ان حضرات کی رائے میں بھی کافی وزن تھا بہر حال حرمین شریفین اور حجاز مقدس کے ساتھ وابستگی ہر مسلمان کے دل کی آرزو بلکہ دھڑکن ہے۔ خدا کرے کہ یہ ظاہری سفر حضور ﷺ کی تعلیمات کے مطابق روحانی سفر کا وسیلہ ثابت ہو۔ اس کانفرنس اور زیر نظر کتاب کی تیاری میں جناب ڈاکٹر محمود الحسن عارف صاحب سیکرٹری جنرل عالمی رابطہ ادب اسلامی پاکستان کی خدمات قابل تحسین ہیں ہماری دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ انکو ایسے علمی اور روحانی شہ پارے شائع کرانے کی توفیق ارزانی فرمادے۔ -------------------------------(مدیر)

نام کتاب : وحدت عیدین ور مضان پر علماء کا اتفاق رائے

تالیف : مولانا مفتی غلام قادر نعمانی ضخامت۔ ۱۸۰ صفحات

قیمت : ۵۰ روپے ناشر : موتمر المصنفین دار العلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

موجودہ دور، سائنس اور ٹیکنالوجی جدید انکشافات اور نت نئی ایجادات کا زمانہ ہے۔ حضور ﷺ کی پیشگوئی کے مطابق زمانہ سمٹ گیا ہے۔ اور برق رفتار مواصلاتی نظام کی وجہ سے مشرق و مغرب کے مابین تقریباً حدود و ثغور ختم ہو گئی ہیں۔ چونکہ اسلام ایک عالمگیر مذہب ہے اور شریعت نے بالخصوص تمام مسلمانوں کو اتحاد و یکجہتی کا درس دے دیا ہے۔ اسلام کی اسی تعلیم کو مد نظر رکھتے ہوئے برادر محترم مولانا مفتی غلام قادر نعمانی نے عالم اسلام کو درپیش ایک اہم مسئلہ کی طرف توجہ دلائی ہے۔ اور وہ مسئلہ ہے وحدت رمضان و عیدین۔ عالم اسلام میں ہر سال یہ مسئلہ اختلاف و تشتت کا شکار رہا ہے۔ اور اس کا دارومدار اختلاف مطالع کے اعتبار و عدم اعتبار پر ہے۔ مفتی صاحب نے اس مسئلہ پر مختلف ممالک اور مختلف ممالک کے علماء و مفتیان حضرات سے ان کی تحقیق اور آراء طلب کی ہیں۔ اور اختلاف مطالع کے متعلق کے اعتبار و عدم اعتبار سے سیر حاصل بحث مجموعہ